**اللہ کے راستے میں قرآنی احکامات اور شان رسالت کے خلاف پھیلائی جانے والی مشہور و معروف باتیں۔**
**جو مسلمانوں کے ساری زندگی کے نیک اعمال اور ایمان کیلئے بھی خطرناک ہیں۔ انہی باتوں کے بارے میں**
**سوال رحمٰن سے جواب قرآن سے**

1 (سوال رحمٰن سے)۔ یا اللہ ہر کوئی اپنے بڑوں بزرگوں اور اپنی جماعتوں کی طرف بلاتا ہے؟

(جواب قرآن سے)۔ اس سے بہتر بات کس کی ہوسکتی ہے جو لوگوں کو اللہ کی طرف بلائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حم سجدہ 33۔

2 (سوال رحمٰن سے)۔ یا اللہ جو بڑے بڑے نیک اعمال کرتے ہوئے بھی روکتے ہیں دوسروں کو اللہ کے راستے سے؟

(جواب قرآن سے)۔ جنہوں نے روکا دوسروں کو اللہ کے راستے سے ان کے اعمال تباہ ہو گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔محمد 1

3 (سوال رحمٰن سے)۔ اللہ کے راستے سے روکنے والوں میں تو بڑے بڑے عالم پیر اور بزرگ بھی شامل ہیں۔ آخر کیوں؟

(جواب قرآن سے)۔ اے ایمان والو۔ بہت سے عالم اور پیر مال کھاتے ہیں اور روکتے ہیں دوسروں کو اللہ کے راستے سے۔ توبہ 34

4 (سوال رحمٰن سے)۔ اللہ کے راستے میں قرآنی احکامات اور شان رسالت کے خلاف درجہ ذیل خطرناک باتیں جن کے پھیلانے والوں کے حمایتی علماء جو ان خطرناک باتوں کو چھوٹی موٹی معمولی غلطیاں بتاتے ہیں کیا یہ ان قرآن مخالف باتوں کو سمجھتے نہیں؟

(جواب قرآن سے) یہ ایسے لوگ ہیں کہ لعنت کی اللہ نے ان پر اور کر دیا ان کو بہرہ اور اندھی کر دی ان کی آنکھیں کیا قرآن میں غور نہیں کرتے۔ یا ان کے دلوں پر تالے لگ چکے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔محمد 24

5 (سوال رحمٰن سے)۔ یا اللہ جو لوگ لڑنے والی قرآنی آیات پر جھوٹ بول بول کر روکتے ہیں دوسروں کو اللہ کے راستے سے؟

(جواب قرآن سے)۔ اس سے بڑا ظالم کون ہوگا جو جھوٹ باندھے اللہ پر۔ سن لو ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔ جو روکتے ہیں دوسروں کو اللہ کے راستے سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(ہود 18،19)

6 (سوال رحمٰن سے)۔ اللہ کے راستے میں مسلمانوں کی جان و مال کو آپ نے جنت کے بدلے لڑنے کیلئے خریدا ہے یا کافروں کی منتیں کرنے پاؤں دبا دبا کر جہنم سے بچانے کیلئے؟

(جواب قرآن سے)۔ بلاشبہ اللہ نے خرید لی مسلمانوں کی جان و مال اس قیمت پر کہ ان کیلئے جنت ہے۔ وہ لڑتے ہیں اللہ کے راستے میں قتل کرتے ہیں اور قتل کئے جاتے ہیں اس پر وعدہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔توبہ 111

یہودی کہاوت۔ جھوٹی باتوں کو اتنا پھیلاؤ اتنا پھیلاؤ کہ لوگ جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ سمجھنے لگیں۔

7 (سوال رحمٰن سے)۔ یا اللہ جو لوگ چھپاتے ہیں اللہ کے راستے میں لڑنے والے قرآنی احکامات اور ان پر عمل کے فضائل کو؟

(جواب قرآن سے)۔ جو لوگ چھپاتے ہیں اسکو جس کو نازل کیا ہے ہم نے ان پر لعنت کرتا ہے اللہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔البقرہ 159

شیطان بھی ہنستا ہے قرآنی آیات کے چھپانے والے تحریفیوں کے کام پر
راہ خدا میں جھوٹ بولتے ہیں خود لعنت کرتے ہیں شیطان پر

8(سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے راستے میں دین کا وہ کونسا کام ہے کہ جس کے کرنے والوں سے آپ محبت کرتے ہیں؟

4

(جواب قرآن سے)۔بلاشبہ اللہ محبت کرتا ہے ان سے جولڑتے ہیں اللہ کے راستے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(الصّف 4)

9(سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے راستے میں بلند درجہ والا عظیم کام کرنے والے کون لوگ بتائے ہیں آپ نے؟

(جواب قرآن سے)۔اللہ نے بلند کیا درجہ اور اجر عظیم ان مجاہدین کا جولڑتے ہیں اللہ کے راستے میں ۔۔۔۔۔۔نساء 95

10(سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے راستے میں لڑنے والے قرآنی احکامات پر جھوٹ پھیلانے والوں کے دل کی بیماری کیا بتائی ہے آپ نے؟

(جواب قرآن سے)۔ان کے دلوں میں کفر کا مرض تھا اللہ نے اور بھی زیادہ کر دیا۔اور ان کے جھوٹ بولنے کے سبب انکو دکھ دینے والا عذاب ہوگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔البقرہ 10۔

11(سوال رحمٰن سے)۔ایمان والے اللہ کے راستے میں دین کا کونسا خاص کام کرتے ہیں؟

(جواب قرآن سے)۔ایمان والے تولڑتے ہیں اللہ کے راستے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نساء 76

12(سوال رحمٰن سے)۔بے ایمان لوگوں کی نشانی کیا بتائی ہے آپ نے۔اللہ کے راستے میں وہ آپ کے کس حکم کا نام سن کر لرزتے ہیں؟

(جواب قرآن سے)۔حکم سن کر لڑنے کا ان کے چہروں پر غشی چھا گئی۔جیسے مرنے کے وقت ہو سو ہلاکت ان پر۔۔۔۔۔۔محمد 20

13(سوال رحمٰن سے)۔ایک اللہ کے حکم میں دونوں جہانوں کی کامیابی کے دعویدار کونسا حکم آپ کا سن کر چلانے لگتے ہیں؟

(جواب قرآن سے) پھر جب فرض کیا لڑنا تو ان میں ایک جماعت ڈرنے لگی اور کہنے لگی اے ہمارے رب کیوں فرض کی ہم پر لڑائی۔(نساء 77

14(سوال رحمٰن سے)۔کافروں کے مسلمانوں پر ظلم کے پہاڑ ٹوٹتے دیکھ کر بھی جو لوگ کہتے ہیں کہ یہ ان پر اللہ کا عذاب آیا ہے۔ان کے گناہوں کی وجہ سے ہم کیوں لڑیں ان کی خاطر؟

(جواب قرآن سے)۔تمھیں کیا ہوا کہ نہیں لڑتے اللہ کے راستے میں ان مظلوموں کی خاطر جن پر کافر ظلم کرتے ہیں۔۔۔نساء 75

15(سوال رحمٰن سے)۔حملہ آور کافروں سے ملکی دفاع میں کس کام کا حکم دیا ہے آپ نے اللہ کے راستے میں کرنے کا؟

(جواب قرآن سے)۔لڑو اللہ کے راستے میں ان سے جو لڑتے ہیں تم سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔البقرہ 190

16(سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے راستے میں دین اسلام کے بڑے ثواب کا کام کرنے والا کونسا شخص بتایا ہے آپ نے؟

(جواب قرآن سے)۔جو شخص لڑا اللہ کے راستے میں پھر غلبہ پائے یا شہید ہو جائے ہم دینگے اس کو بڑا ثواب۔۔۔۔۔۔۔نساء 74

17(سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے راستے میں مظلوم مسلمانوں اور اسلامی سرحدوں پر شہید ہونے والوں کو یہ بے دین لوگ کہتے ہیں مر گئے؟

(جواب قرآن سے)۔مت کہو مردہ ان کو جو قتل کئے جاتے ہیں اللہ کے راستے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نساء 154

18(سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے راستے میں غلبہ اسلام اور ملکی دفاع میں خرچ کرنے والوں پر کافر پابندیاں لگاتے ہیں؟

(جواب قرآن سے)۔اور خرچ کرو اللہ کے راستے میں نہ ڈالو اپنے آپ کو ہلاکت میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔البقرہ 195

19(سوال رحمٰن سے)۔کیا زکوٰۃ کا مال بھی دے سکتے ہیں اللہ کے راستے میں؟

(جواب قرآن سے)صدقات (زکوٰۃ) مفلسوں کا حق ہے اور محتاجوں کا اور زکوٰۃ کے کام والوں کا۔۔اور اللہ کے راستے میں۔توبہ 60

شان انبیاءؑ کی طرف منسوب خطرناک باتیں یعنی جو جو کام انبیاءؑ نے حکم الٰہی کے مطابق کیئے ان کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ یہ کام کرنے والے ہمارے نبی نہیں تھے (معاذ اللہ) کیا اس طرح کہنا قرآنی احکامات اور شان انبیاءؑ کے خلاف نہیں ہے؟

20 (سوال رحمٰن سے)۔نبیوں والے کام کے نام سے مشہور و معروف لوگ کہتے ہیں کہ اللہ کے راستے میں لڑنا یہ نبیوں والا کام نہیں ہے؟

(جواب قرآن سے)۔ بہت سے نبی لڑے ہیں اللہ کے راستے میں اور ان کے ساتھ مل کر اللہ والے بھی۔۔۔۔۔۔۔ال عمران 146

21 (سوال رحمٰن سے)۔سردار انبیاءؑ والی محنت سے ہی دین دنیا میں لانے والے کہتے ہیں ہمارے نبی ﷺ لڑنے والے نہیں تھے

(جواب قرآن سے)۔اے نبی آپ لڑیں اللہ کے راستے میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نساء 84۔

22 (سوال رحمٰن سے)۔مشہور و معروف دین کے داعی کہتے ہیں ہمارے نبیؐ نے صحابہ کرام کو صرف دین کا داعی بنایا ہے۔لڑنے والا نہیں بنایا؟

(جواب قرآن سے) اے نبی آپ ایمان والوں کو لڑنے پر ابھاریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انفال 65

23 (سوال رحمٰن سے)۔امت کو جہنم سے بچانے کی فکر والے کہتے ہیں۔ایک ایک کافر جہنمی کے بارے میں پوری امت سے پوچھ ہوگی؟

(جواب قرآن سے) اے نبی آپ سے جہنمیوں (کافروں) کے بارے میں کچھ باز پرس نہیں ہوگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔البقرہ 119

24 (سوال رحمٰن سے)۔حضورؐ کے نرمی والے واقعات سنانے کے بعد کہتے ہیں ہمارے نبی لڑنے والے تو کیا سختی کرنے والے بھی نہیں تھے؟

(جواب قرآن سے) اے نبی آپ لڑیں کافروں اور منافقوں سے اور سختی کریں ان پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تحریم 9

25 (سوال رحمٰن سے)۔دین کی عالی محنت والے کہتے ہیں ہمارے نبی کی محنت سے صحابہ کافروں کیلئے بڑے ہی نرم دل بن گئے تھے؟

(جواب قرآن سے) محمد اللہ کے رسول ہیں اور آپ کے ساتھ والے سخت ہیں کافروں پر اور آپس میں نرم دل۔۔۔۔۔۔۔۔فتح 28

26 (سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے حکم اور نبیؐ کے طریقے میں ہی کامیابی کا کہنے والے یہ بھی کہتے ہیں ہمارے نبی بدلہ لینے والے نہیں تھے؟

(جواب قرآن سے)۔ بدلہ لینا تم پر فرض کر دیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(البقرہ 178)

27 (سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے راستے میں قرآنی احکامات پر جھوٹ پھیلانے والے کہتے ہیں ہم تو نبیوں والا اصلاح کا کام کرتے ہیں۔

(جواب قرآن سے)۔ کہتے ہیں کہ ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں جان لو یہی لوگ ہیں فساد کرنے والے۔۔۔۔۔۔۔۔۔البقرہ 12 11

دیتے ہیں اپنی عقل سے حکم خدا میں دخل۔۔۔رہزن بھی ہیں رہنمائی کے ساتھ ساتھ۔

اچھائی کر رہے ہیں برائی کے ساتھ ساتھ۔۔۔کھلا رہے ہیں زہر بھی دوائی کے ساتھ ساتھ

28 (سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے راستے میں یہ قرآنی احکامات اور شان رسالت کے خلاف باتیں پھیلانے والے اگر بغیر توبہ کے مر گئے تو؟

(جواب قرآن سے)۔اے ایمان والو حکم پر چلو اللہ اور اسکے رسول کے اور ضائع مت کرو اپنے کیئے کام اور جو لوگ منکر ہوئے اور روکا لوگوں کو اللہ کے راستے سے اور پھر مر گئے اور منکر ہی مرے تو ہر گز نہ بخشے گا انکو اللہ۔۔۔۔۔۔۔۔محمد 33_34

29 (سوال رحمٰن سے)۔اللہ کے راستے میں جھوٹ پھیلانے حق چھپانے سے سچی توبہ کرنے والوں کے بارے میں کیا فرما ہے آپ نے؟

(جواب قرآن سے) جنہوں نے توبہ کی اور درست کیا اپنے کام کو اور بیان کر دیا حق بات کو تو انکو معاف کرتا ہوں اور میں ہوں بڑا معاف کرنے والا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔البقرہ 160

30(سوال پیارے نبیؐ سے)۔آپ کو سردار انبیاءؑ کا لقب اللہ تعالیٰ نے حکم کرنے پر فرمایا ہے یا کافروں کی منتیں کرنے پر؟(معاذاللہ)

(جواب حدیث نبویؐ سے)۔مجھے میرے رب نے حکم دیا ہے کہ میں ان کافروں سے لڑوں جب تک یہ کلمہ۔۔۔کے قائل نہ ہوجائیں۔

31(سوال رحمٰن سے)۔یا اللہ آپ نے بہترین امت کا لقب امت محمدؐ کو حکم کرنے پر دیا ہے یا منتیں کرنے درخواستیں پیش کرنے پر؟

(جواب قرآن سے)۔تم بہترین امت ہو نیک کام کا حکم کرتے ہو۔اور روکتے ہو برے کاموں سے۔۔۔۔ال عمران 110

32(سوال رحمٰن سے)یا اللہ آپ کے احکامات میں سے وہ ایک ہی حکم کون سا ہے کہ جس پر مسلمانوں کے عمل کرنے سے آپ نے ہر دور میں دین اسلام کو غالب اور کفر کو مغلوب کیا۔مسلمانوں کو حاکم کافروں کو غلام بنایا؟

(جواب قرآن سے)لڑو یہاں تک کہ باقی نہ رہے کوئی فتنہ اور دین ہوجائے سارا ایک اللہ کا۔۔۔۔۔۔۔۔انفال 39۔البقرہ 193

33(سوال رحمٰن سے) یا اللہ آپ نے ہمارے پیارے نبی ﷺ کو صرف دین پھیلانے ہی کیلئے بھیجا ہے یا غلبہ اسلام کیلئے بھی؟

(جواب قرآن سے)وہی ہے(اللہ)جس نے بھیجا رسول دین حق کے ساتھ اور سچا دین دے کرتا کہ غالب کریں اس کو تمام دینوں پر اور کافروں کو برا کیوں نہ لگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔توبہ 33۔فتح 29۔

34(سوال رحمٰن سے)یا اللہ دنیا بھر کے فتنوں کے خاتمے اور غلبہ اسلام کے راستے میں رکاوٹ بننے والے نسل ابوجہل سے لڑے گا کون؟

(جواب قرآن سے)بلاشبہ اللہ نے خرید لی مسلمانوں کی جان اور مال جنت کے بدلے میں۔وہ لڑتے ہیں اللہ کے راستے میں قتل کرتے ہیں اور قتل کئے جاتے ہیں۔اس پر وعدہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔توبہ 111

کبھی ہم نے غور بھی کیا ہے کہ انبیاءؑ تبلیغ کریں تو کافروں کی طرف سے پتھروں کی بارش اور ہماری جماعت پر پھولوں کے ہار۔آخر کیوں۔ عیسائی ہمیں گرجے گھر دیتے ہیں اور یہودی اسرائیل میں دینی مراکز بنا بنا کر۔کیا یہ مہربانیاں دین اسلام کو پوری دنیا میں پھیلانے کیلئے ہیں۔ یا کہ درجہ بالا اللہ کے راستے میں دین اسلام اور امت مسلمہ کے محافظ فریضے جہاد فی سبیل اللہ کے خلاف تحریفی دعوت پھیلانے کیلئے۔

حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ تحریف کے بارے میں فرماتے ہیں۔تحریف قرآنی آیات میں کھینچا تانی کرنا ہے۔شرح فوز الکبیر 55۔

دار العلوم دیوبند کے مولانا شاہ عبد الرحیم صاحب فرماتے ہیں۔تحریفی لوگ قرآنی ارشادات میں شک کی دعوت پھیلاتے ہیں۔(یعنی جو لوگ تحریفیوں کی باتوں کو سچ سمجھیں گے۔جو قرآنی احکامات کے خلاف ہیں تو کیا وہ لوگ پھر قرآنی احکامات میں شک نہیں کریں گے۔قرآنی احکامات میں شک کی دعوت کا پھیلانا معاذاللہ یہ نبیوں والا کام ہے یا یہودیوں اور منکر جہاد قادیانیوں والا کام ہے؟؟)اصول دعوت وتبلیغ۔صفحہ 12۔

غلام احمد قادیانی نے اپنے آقا ایک کافر انگریز کو اپنی فرمانبرداری کا ثبوت دیتے ہوئے خط لکھا۔کہ میں نے مسلمانوں کو جہاد بالسیف سے روکنے کے لئے قرآن وحدیث میں تاویلیں کر کر کے اتنا لکھا اور اسے دنیا میں پھیلایا ہے کہ اگر ان کتابوں،رسالوں اور اشعار کو جمع کیا جائے تو 50 الماریاں بھری جاسکتی ہیں۔(تریاق القلوب صفحہ نمبر 25) آج دنیا بھر میں قادیانی کے مشن پر کام کرنے والے کون؟

مزید معلومات کیلئے ہماری ویب سائٹ وزٹ کیجئے۔ www.difaetabligh.com www.sangeenfitna.blogspot.com

داعی الی الخیر۔مفتی سعید احمد فاضل احسن العلوم گلشن اقبال کراچی۔واٹس اپ نمبر 0322-2242192